
**ملاحظہ کرنا (نیویگیشن)- اسکرپٹس**




| آن لائن ٹیسٹ دینا (نیکسٹ/بیک ایروز) |
| --- |
| اپنے ٹیسٹ کا آغاز کرنے سے پہلے، آپ کو یہ ضرور معلوم ہونا چاہیئے کہ آن لائن ٹیسٹ کیسے دیا جاتا ہے۔<br>اس سبق میں، آپ اپنے ٹیسٹ کا آغاز کرنا، ہدایات پڑھنا، اور سوال سے سوال کی جانب بڑھنا سیکھیں گے۔<br>پہلے، آپ اپنا نام اور ٹیسٹ کے بارے میں معلومات دیکھیں گے۔<br>یقینی بنائیں کہ اسکرین پر ظاہر ہونے والا نام آپ کا نام ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے، تو اپنے استاد سے مدد حاصل کریں۔<br>جب آغاز کرنے کا وقت ہو، تو آغاز کریں کو منتخب کریں۔<br>ہر ٹیسٹ مختلف ہے۔<br>یہ ضروری ہے کہ آپ آن لائن ٹیسٹ دینے کا طریقہ کار جانتے ہوں تاکہ ٹیسٹ کے دوران غلطیوں سے اجتناب کیا جا سکے۔<br>لہٰذا سوالات کے جواب دینے کا آغاز کرنے سے پہلے احتیاط سے تمام ہدایات کو پڑھیں۔<br>ٹیسٹ میں سب سے اوپر، آپ کو ایرو بٹنز ملتے ہیں۔<br>نیکسٹ کا ایرو آپ کو اگلے سوالات دکھاتا ہے۔<br>بیک کا ایرو آپ کو وہ سوالات دکھاتا ہے جو آپ پہلے ہی دیکھ چکے ہوں۔<br>کچھ ٹیسٹس سیکشنز میں تقسیم ہوتے ہیں۔<br>ہر سیکشن کے اختتام پر، اگلے سیکشن پر بڑھنے سے پہلے ہدایات کو احتیاط سے پڑھیں۔<br>اگر ٹیسٹ کی کوئی ایسی ہدایات ہیں جو آپ کی سمجھ سے بالاتر ہیں، تو فوراً کسی استاد کی مدد حاصل کریں۔<br>اس سبق میں آپ نے جو کچھ بھی سیکھا ہے آپ اس کی باقی تمام SRT میں پریکٹس کر رہے ہوں گے۔<br>آغاز کریں اور اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about the REVIEW LIST. Then give it a try!**





**Try It!**

1. Select the **Bookmark** button to mark the question.
2. Select the **Review** button to see the bookmarked question.
3. Select the **Bookmark** button again to remove your mark.


| ریویو کی فہرست (ریویو/بک مارک بٹنز) |
| --- |
| آئیں ریویو کی فہرست کو ریویو اور بک مارک بٹنز کے ساتھ استعمال کرنے کے متعلق بات کرتے ہیں۔<br>آپ ان دونوں کو اپنے ٹیسٹ میں سب سے اوپر، ایرو بٹنز کے آگے تلاش کر سکتے ہیں۔<br>ریویو اور بک مارک کے بٹنز آپ کو ٹیسٹ میں آگے بڑھنے کے دوران اپنے کام کا حساب رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔<br>اگر آپ کسی سوال کے متعلق غیر یقینی کا شکار ہیں اور اپنا ٹیسٹ ختم کرنے سے پہلے اس پر واپس آنا چاہتے ہیں، تو آپ اسے نشان زد کرنے کے لیے بک مارک کے بٹن کا انتخاب کر سکتے ہیں۔<br>ریویو کی فہرست میں اپنے بک مارک ملاحظہ کرنے کے لیے ریویو کے بٹن کو منتخب کریں۔<br>فہرست میں سب سے اوپر، تین ٹیبز موجود ہیں۔<br>تمام سوالات کا ٹیب کسی سوال کے گروپ یا ٹیسٹ سیکشن میں آپ کو تمام سوالات دکھاتا ہے۔<br>جواب نہیں دیا گیا کا ٹیب آپ کو دکھاتا ہے کہ آپ کو ابھی بھی کون سے سوالات مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔ ریویو کی فہرست میں، یہ سوالات ایک نقطے کے ساتھ نشان زد کیے جاتے ہیں۔<br>بک مارکس کا ٹیب آپ کو وہ سوالات دکھاتا ہے جو آپ نے بک مارک کے بٹن کے ساتھ نشان زد کیے ہیں۔ ریویو کی فہرست میں، یہ سوالات بک مارک کے آئیکن کے ساتھ نشان زد کیے جاتے ہیں۔<br>ریویو کی فہرست کو بند کرنے کے لیے ریویو کے بٹن کو دوبارہ منتخب کریں۔<br>تمام SRT میں، آپ ریویو اور بک مارک کے بٹنز کو استعمال کر سکتے ہیں تاکہ اصل ٹیسٹ کے لیے پریکٹس کر سکیں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

Learn how to submit your test answers.




| جوابات جمع کروائیں |
| --- |
| اپنے جوابات کو جمع کروانا ٹیسٹ کا سب سے اہم مرحلہ ہے۔ آئیں جانتے ہیں کہ اپنے جوابات کا جائزہ کیسے لیں اور کیسے جمع کروائیں۔<br>کچھ ٹیسٹس سیکشنز میں تقسیم ہوتے ہیں۔ ہر ٹیسٹ سیکشن کے اختتام پر، آپ اپنے ہر سوالکے جواب کا جائزہ لینے کے اہل ہوں گے۔<br>آپ ٹیسٹ کے اختتام پر بھی، اپنے جوابات کا جائزہ لینے کے اہل ہوں گے۔<br>اپنے ٹیسٹ کے مطابق، آپ ریویو کی فہرست کو منتخب کر کے، یا ذیل میں دی گئی فہرست کو استعمال کرتے ہوئے اپنے جوابات پر نظر ثانی کر سکتے ہیں، تاکہ آپ نے جن سوالات کو بک مارک کیا ہے یا ابھی تک جواب نہیں دیا ان کا حساب رکھ سکیں۔<br>اپنے جوابات کا جائزہ لینے کے بعد، آپ انہیں جمع کروانے کے لیے تیار ہیں۔<br>تاہم، محتاط رہیں! جب آپ اپنے جوابات جمع کروا دیتے ہیں، تو آپ بعد میں ان کا جائزہ لینے کے لیے واپس نہیں جا سکتے۔<br>ہر ٹیسٹ سیکشن کے اختتام پر، ہدایات کو احتیاط سے پڑھیں۔ جب آپ اپنا ٹیسٹ ختم کرنے کے لیے تیار ہوں، تو حتمی جوابات جمع کروائیں۔<br>کیونکہ ہر ٹیسٹ مختلف ہوتا ہے، اس لیے اپنے جوابات جمع کروانے سے متعلق ہدایات بھی بعض اوقات تبدیل ہو سکتی ہیں۔<br>اس لیے یہ اہم ہے کہ ہدایات کو ہمیشہ احتیاط سے پڑھیں اور آگے بڑھنے سے پہلے انہیں سمجھنا یقینی بنائیں۔ |

**میرے ٹولز- اسکرپٹس**




| جواب ہٹانے والا |
| --- |
| جواب ہٹانے والا ٹول آپ کو ان جوابات کو الگ کرنے دیتا ہے جو آپ کے خیال میں غلط ہوتے ہیں۔<br>آپ سوالات کے اوپر ٹول بار میں اسے تلاش کر سکتے ہیں۔<br>آپ جواب ہٹانے والے ٹول کو صرف ان جوابات پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جو آپ کے خیال میں درست ہو سکتے ہیں۔<br>سوالات کے اوپر ٹول بار میں X کو منتخب کریں۔ آپ اپنے انتخابات میں سے کسی بھی جواب کو ہٹانے کے لیے اسے منتخب کر سکتے ہیں۔<br>اگر آپ اپنا ارادہ تبدیل کرتے ہیں، تو جواب کو دوبارہ منتخب کریں، اور X غائب ہو جاتا ہے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

Learn about the HIGHLIGHTER. Then give it a try!




**Try It!**

1. Select and drag the pointer over words on your screen.
2. Choose a color to highlight the sentence.
3. Repeat these steps to change or remove the highlight.

Highlight words with the letter 'W' in the sentence below.

**The windows let cold air in whenever it was windy outside.**

| ہائی لائٹر |
|---|
| ہائی لائٹر تب ظاہر ہوتا ہے جب آپ اپنے ماؤس سے کسی ٹیکسٹ کو ہائی لائٹ کرتے ہیں۔<br>آپ اپنے ٹیسٹ میں اہم الفاظ یا تفصیلات کا حساب رکھنے کے لیے ہائی لائٹر کا استعمال کر سکتے ہیں۔<br>اپنے ٹیسٹ میں مطلوبہ الفاظ کو منتخب کریں اور ان پر ماؤس کو ڈریگ کریں۔<br>ہائی لائٹر کا ٹول الفاظ کے اوپر ظاہر ہوتا ہے۔ الفاظ کو ہائی لائٹڈ رکھنے کے لیے کسی رنگ کا انتخاب کریں۔<br>اگر آپ رنگ ختم کرنا چاہتے ہیں، تو لائن کے ساتھ خانہ منتخب کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

Learn about the NOTEPAD. Then give it a try!





**Try It!**


1. Open the **Notepad** in the toolbar.
2. Select and drag the **Notepad** around your screen.
3. Type a note for yourself.
4. Close and open the **Notepad** to see that your notes are still there.

| نوٹ پیڈ |
|---|
| نوٹ پیڈ ایک ایسا ٹول ہے جو ٹیسٹ میں آپ کے خیالات میں معاونت فراہم کر سکتا ہے۔<br>آپ ٹیسٹ کے سوالات سے اوپر ٹول بار میں اسے تلاش کر سکتے ہیں۔<br>آپ ٹیسٹ کے دوران اپنے خیالات کو اکٹھا اور منظم کرنے کے لیے کسی بھی وقت نوٹ پیڈ کا استعمال کر سکتے ہیں، اہم نکات یاد رکھیں، یا بعد میں جائزہ لینے کے لیے نوٹس بنائیں۔<br>نوٹ پیڈ بند کرنے کے لیے، دائیں طرف کنارے میں X کو منتخب کریں۔<br>آپ نوٹ پیڈ کو جب بھی دوبارہ کھولتے ہیں، تو آپ کے نوٹس وہیں پر موجود ہوں گے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |


**سوالات – اسکرپٹس**





| ڈریگ اور ڈراپ |
| --- |
| آپ کے ٹیسٹ میں ڈریگ اور ڈراپ سوالات ہو سکتے ہیں<br>پہلی قسم کے ڈریگ اور ڈراپ کے سوال میں آپ سے نمبرز، تصاویر، یا الفاظ کو منتخب کرنے اور جواب کے خانے میں ڈریگ کرنے کا کہا جاتا ہے۔<br>بعض اوقات، آپ سے کہا جا سکتا ہے کہ ایک سے زائد جوابات کو جواب کے خانے میں ڈریگ کریں۔<br>دوسری قسم کے ڈریگ اور ڈراپ کے سوال میں آپ سے کسی عبارت سے ٹیکسٹ اخذ کرنے اور اسے جواب کے خانے میں ڈریگ کرنے کا کہا جاتا ہے۔ ان سوالات کے لیے، آپ جواب کے خانے میں صرف ایک جواب داخل کر سکتے ہیں۔<br>کسی جواب کو ختم کرنے کے لیے، X کو منتخب کریں یا کسی نئے جواب کو خانے میں ڈریگ کریں۔<br>جواب دینے کا آغاز کرنے سے پہلے سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔<br>کچھ سوالات کے لیے، آپ کو سوال مکمل کرنے کے لیے ایک سے زائد جوابات کو ڈریگ کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |




| ایکویشن ایڈیٹر |
| --- |
| آپ کو ریاضی کے چند سوالات کے جواب دینے کے لیے، ایکویشن ایڈیٹر استعمال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ایکویشن ایڈیٹر آپ کو فنکشنز، فریکشنز، اور مخلوط نمبرز کے ساتھ مختلف قسم کی ایکویشن تخلیق کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ |
| جواب دینے سے پہلے سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔ کوئی ایکویشن تخلیق کرنے کے لیے، اپنے کرسر کو جواب کے خانے کے اندر رکھیں، اس کے بعد اپنا کیی بورڈ استعمال کرتے ہوئے کسی نمبر کا اندراج کریں۔ |
| ایک علامت منتخب کریں۔ ہر وہ علامت جو آپ منتخب کرتے ہیں وہ نقطے دار خانے کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے جس میں ایک نمبر درکار ہوتا ہے۔ |
| ہر نقطے دار خانے کو منتخب کریں اور ایک نمبر درج کریں۔ |
| آپ نقطے دار خانے کو منتخب کر کے، پھر فریکشن یا مخلوط نمبر کے بٹن کو منتخب کر کے نمبر کی قسم کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ |
| فوری طور پر غلطیوں کی درستگی کے لیے کالعدم کریں اور دوبارہ کریں کے بٹنز کو استعمال کریں۔ دوبارہ آغاز کرنے کے لیے کلئیر آل منتخب کریں۔ اپنے ٹیسٹ میں آگے بڑھنے سے پہلے یقینی بنائیں کہ آپ نے ہر نقطے دار خانے میں کوئی نمبر درج کیا ہے۔ |
| اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |




| خالی جگہ پُر کریں |
|---|
| آپ اپنے ٹیسٹ میں خالی جگہ پُرکریں جیسے سوالات بھی دیکھ سکتے ہیں۔<br>جواب دینے کا آغاز کرنے سے پہلے سوال کو احتیاط سے پڑھنا ضروری ہے۔<br>خالی خانہ منتخب کریں اور اپنا جواب ٹائپ کریں۔ سوال مکمل کرنے کے لیے آپ کو ایک سے زائد خانے میں جواب درج کرنا پڑ سکتا ہے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |




| ہاٹ اسپاٹ |
|---|
| آپ کے ٹیسٹ میں ہاٹ اسپاٹ کے سوالات ہو سکتے ہیں۔<br>ہاٹ اسپاٹ کے سوالات میں آپ سے پوچھا جاتا ہے کہ اپنی اسکرین پر ہائی لائٹڈ حصوں کو منتخب کر کے جواب دیں۔<br>سوال کو احتیاط سے پڑھیں، اس کے بعد اس نمایاں حصے کو منتخب کریں جو سوال کا بہتر جواب دیتا ہے۔<br>کچھ سوالات میں سوال مکمل کرنے کے لیے ایک سے زائد جواب منتخب کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about HOT TEXT questions. Then give it a try!**




**Try It!**

Read the question below, then select your answers.

Which two words in these sentences are used incorrectly?

Alice [followed] the White Rabbit [down] the [rabbit] [whole]. She [didn't] [know] it would [lead] [her] all the [weigh] to Wonderland.

| ہاٹ ٹیکسٹ |
|---|
| آپ کے ٹیسٹ میں ہاٹ ٹیکسٹ کے سوالات ہو سکتے ہیں۔<br>ہاٹ ٹیکسٹ کے سوالات میں آپ سے ٹیسٹ کے مواد کے اندر ٹیکسٹ منتخب کر کے جواب دینے کے لیے کہا جاتا ہے۔<br>سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔ خانے میں درج لفظ یا فقرے کو منتخب کریں جو سوال کا بہترین جواب دیتا ہے۔<br>کچھ سوالات میں سوال مکمل کرنے کے لیے ایک سے زائد جواب منتخب کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn how to answer INLINE CHOICE questions. Then give it a try!**




**Try It!**

Select a word from each dropdown menu to complete the sentence.

The capital of France is [Choose...], which is known for [Choose...].

| ان لائن چوائس |
|---|
| ان لائن چوائس کے سوالات آپ کو اجازت دیتے ہیں کہ ٹیکسٹ کی لائن میں جملوں یا فقروں کو مکمل کریں۔<br>سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔<br>کچھ سوالات میں آپ سے ٹیکسٹ کی ایک سے زائد لائن کو مکمل کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔<br>جواب کے اختیارات دیکھنے کے لیے ہر ڈراپ ڈاؤن کو منتخب کریں، اس کے بعد اپنے جواب کا انتخاب کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about MULTIPLE CHOICE questions. Then give it a try!**





**Try It!**

Which planet is known as the Red Planet? Select one answer below.

- A. Jupiter
- B. Mars
- C. Saturn
- D. Earth

| کثیر الانتخابی |
|---|
| آپ کے ٹیسٹ میں کثیر الانتخاب سوال آپ سے صرف ایک جواب کا انتخاب کرنے کا کہتے ہیں تاکہ سوال مکمل ہو۔<br>پہلے، سوال کو احتیاط سے پڑھیں، اور پھر درست جواب تلاش کریں۔<br>اپنا جواب منتخب کرنے کے بعد، دوہری جانچ پڑتال کے لیے سوال کو دوبارہ پڑھیں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about MULTIPLE RESPONSE questions. Then give it a try!**




**Try It!**

Follow the directions in the question below, then select your answers.

What do you need to bake a cake? Select three ingredients.

- Eggs
- Flour
- Tomato sauce
- Sugar
- Lettuce

| کثیر الجواب |
|---|
| کثیر الجواب سوال کی وہ قسم ہے جو آپ سے ایک سے زائد جواب کا انتخاب کرنے کے لیے کہتی ہے۔<br>ہمیشہ سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔<br>ان اختیارات کو منتخب کریں جو سوال کا بہترین جواب دیتے ہیں۔<br>کچھ سوالات آپ کو بتا سکتے ہیں کہ سوال مکمل کرنے کے لیے کتنے جوابات کا انتخاب کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about POINT GRAPH questions. Then give it a try!**





**Try It!**

Practice plotting the following points on the **Point Graph**.


Point A: (3, 4)

Point B: (7, 2)


Point C: (3, 8)




| پوائنٹ گراف |
| --- |
| پوائنٹ گراف کے سوالات آپ سے اپنا جواب دکھانے کے لیے پوائنٹس، لائنز، اور یہاں تک کہ کثیر الاضلاع بنانے کا بھی کہتے ہیں۔<br>سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔<br>گرڈ پر پوائنٹ لگانے کے لیے ایک علاقے کو منتخب کریں۔<br>کچھ سوالات میں آپ سے اپنا جواب مکمل کرنے کے لیے ایک سے زیادہ پوائنٹ لگانے کا کہا جاتا ہے۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |




| پڑھنے کے اقتباس |
|---|
| آپ اپنے ٹیسٹ میں پڑھنے کے اقتباسات دیکھ سکتے ہیں۔<br>پڑھنے کے اقتباسات آپ کی مختلف اقسام کے متن کو پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت کی پیمائش کرتے ہیں۔<br>اقتباس پڑھنے سے پہلے ہمیشہ ہدایات کو پڑھیں۔<br>پڑھنے کے اقتباس سے متعلقہ کچھ سوالات حصوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔ سوال مکمل کرنے کے لیے تمام حصوں کا جواب دینا یاد رکھیں۔<br>آئیں اب پڑھنے کے اقتباس کی ایک مثال دیکھتے ہیں! |




| تبدیلی ساخت |
|---|
| آپ تبدیلی ساخت والے سوالات ٹیسٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔<br>تبدیلی ساخت والے سوالات ظاہر کرتے ہیں کہ کچھ مخصوص تبدیلیوں کے بعد غیر لچکدار اشکال کی پوزیشنز اور سمت کیسے تبدیل ہوتی ہیں۔<br>فراہم کردہ اشکال میں سے منتخب کریں۔ گرڈ پر شکل کو ڈریگ کریں۔<br>آپ گرڈ میں نئی شکل کو ڈریگ کر کے اپنا جواب کسی بھی وقت تبدیل کر سکتے ہیں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |


Learn about SOLUTION SETS. Then give it a try!





**Try It!**

1. Select the **Line 1** button, then plot two points to create a line.
2. Repeat the first step with the **Line 2** button.
3. Select the **Solution Set** button, then select any area of the grid to shade it in.

To remove elements from the grid, select the corresponding button, then select what you want to remove.




| سولوشن سیٹس |
| --- |
| ریاضی کے چند سوالات کے جواب دینے کے لیے، آپ کو سولوشن سیٹس بنانے کی ضرورت ہو گی۔<br>آپ سولوشن سیٹ کے ساتھ قطاری عدم مساوات کے نظاموں کے حل کو گراف کر سکتے ہیں۔<br>جواب دینے کا آغاز کرنے سے پہلے سوال کو احتیاط سے پڑھیں۔<br>گرڈ کے برابر میں لائن بٹنز اور ایک سولوشن سیٹ کا بٹن ہے۔ آپ کو دکھائی دیئے جانے والے بٹنز ٹیسٹ کے سوال کی نوعیت پر منحصر ہوں گے۔<br>پہلے، ایک لائن بٹن منتخب کریں۔ اس کے بعد، ایک نقطہ لگانے کے لیے گرڈ پر کلک کریں۔<br>گرڈ پر دوبارہ کلک کریں، اور ایک لائن نمودار ہو گی۔<br>آپ لائن کی پوزیشن کو موافق بنانے کے لیے دونوں میں سے کسی بھی پوائنٹ کو منتخب کر سکتے اور ڈریگ کر سکتے ہیں۔<br>اگر آپ کے سولوشن سیٹ کے لیے ایک اور لائن درکار ہے، تو ایک اور لائن بٹن کو منتخب کرنے کے بعد اس کارروائی کو دہرائیں۔<br>آخر میں، سولوشن سیٹ کے بٹن پر کلک کریں۔ گرڈ کے کسی بھی علاقے کو منتخب کریں تاکہ اس میں شیڈ کر سکیں۔ ایسے کسی بھی علاقے کو شیڈ کریں جو آپ کے جواب کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر آپ کو کوئی لائن یا شیڈنگ ختم کرنے کی ضرورت محسوس ہو، تو متعلقہ بٹن کو منتخب کریں، اس کے بعد آپ گرڈ پر جو حذف کرنا چاہتے ہیں اس کا انتخاب کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about TABLE GRID questions. Then give it a try!**




**Try It!**


Select the checkboxes within the **Table Grid** to compare types of fruit.

| | Can be green or red | Grow on trees | Must be peeled before eaten |
|---|---|---|---|
| Apples | ☐ | ☐ | ☐ |
| Oranges | ☐ | ☐ | ☐ |
| Grapes | ☐ | ☐ | ☐ |

## ٹیبل گرڈ

آپ کو اپنے ٹیسٹ میں ٹیبل گرڈ کے سوالات کے جواب دینے پڑ سکتے ہیں۔
ٹیبل گرڈ کے سوالات آپ سے ٹیبل میں سے اختیارات منتخب کرنے کے ذریعے سے اپنے ٹیسٹ کی تفصیلات کا موازنہ اور تضاد کرنے کا کہتے ہیں۔
پہلے، احتیاط سے سوال پڑھیں، اور ٹیبل میں کالمز اور قطاروں کا جائزہ لیں۔
قطاروں اور کالم کے مابین موافقت ظاہر کرنے کے لیے ٹیبل پر بٹنز یا چیک باکسز کو منتخب کریں۔
سوال مکمل کرنے کے لیے آپ کو ایک سے زائد جواب منتخب کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں!

**ٹیسٹ میں معاونتیں – اسکرپٹس**




| جواب چھپانا |
| --- |
| جواب چھپانے کا فیچر ٹیسٹ میں تب تک جوابات کو چھپاتا ہے جب تک آپ اسے دیکھنے کے لیے تیار نہ ہوں۔<br>جواب چھپانے کے فیچر کے ساتھ، آپ جوابات دیکھنے سے پہلے ٹیسٹ کا سوال پڑھنے پر توجہ مرکوز کر سکتے ہیں۔<br>آپ صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں اپنے نام کے برابر میں جواب چھپانے والے کو فعال کریں کا انتخاب کر کے جواب چھپانے والا فیچر کھول سکتے ہیں۔<br>اب آپ کے جوابات چھپے ہوئے ہیں! آپ دائیں جانب ‘آنکھ’ کے نشان کو منتخب کر کے جواب دیکھ سکتے ہیں۔<br>جواب کو دوبارہ چھپانے کے لیے اسے دوبارہ منتخب کریں۔<br>اگر آپ جواب چھپانے والا ختم کرنا چاہتے ہیں، تو صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں واپس جائیں اور جواب چھپانے والا کو غیر فعال کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about COLOR CONTRAST. Then give it a try!**




**Try It!**

1. Open the user dropdown menu.
2. Select **Change the background and foreground color**.
3. Select your color choice, then **Continue**.
4. Repeat these steps to change your color choice.

| رنگوں کا تضاد |
| --- |
| رنگوں کا تضاد ٹیکسٹ اور ٹیکسٹ کے پس منظر کے رنگوں کو تبدیل کرتا ہے۔<br>آپ رنگوں کے تضاد کا فیچر صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں اپنے نام کے آگے تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ رنگوں کے تضاد کا استعمال کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو اپنا ٹیسٹ زیادہ آسانی سے پڑھنے میں مدد مل سکے۔<br>صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں، پس منظر اور پیش منظر کا رنگ تبدیل کرنے کو منتخب کریں۔ کسی رنگ کا انتخاب کریں، پھر جاری رکھیں کو منتخب کریں۔<br>اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ رنگ دوبارہ تبدیل کرنے کے لیے ان مراحل کو دہرا سکتے ہیں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

Video | Passage

**Learn about the LINE READER MASK. Then give it a try!**





**Try It!**

1. Select the **Passage** tab.
2. Open the user dropdown menu.
3. Select **Show Line Reader Mask**.
4. Select and drag the **Line Reader Mask** over the passage.
5. Select and drag the bottom right corner of each mask window to adjust their sizes.
6. Select and drag the arrows to read the passage.
7. Select **Hide Line Reader Mask** in the user dropdown menu.

| لائن ریڈر ماسک |
| --- |
| لائن ریڈر ماسک آپ کو پڑھنے کے دوران ایک وقت میں ٹیکسٹ کی ایک لائن پر توجہ مرکوز کرنے میں مدد کرتا ہے۔<br>آپ اسے صارف ڈراپ ڈاؤن مینو میں اپنے نام کے برابر سے لائن ریڈر ماسک ظاہر کرنے کو منتخب کر کے کھول سکتے ہیں۔<br>لائن ریڈر ماسک کو منتخب کریں اور ٹیکسٹ پر رکھنے کے لیے ڈریگ کریں۔ اس کے بعد، پڑھتے وقت توجہ برقرار رکھنے کے لیے باکس کو ڈریگ کریں۔ اسے بند کرنے کے لیے، صارف ڈراپ ڈاؤن مینو میں واپس جائیں اور لان ریڈر ماسک چھپانے کو منتخب کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |


**Learn about the MAGNIFIER. Then give it a try!**




**Try It!**

Expand to the left before you begin.

1. Open the user dropdown menu.
2. Select **Enable Magnifier**.
3. Drag the **Magnifier** over the picture to read the words in the sky.



| میگنیفائر |
| --- |
| میگنیفائر ایک مفید ٹول ہے جو آپ کو اپنے ٹیسٹ کے عناصر کو نزدیک سے دیکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔<br>آپ صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں اپنے نام کے برابر میں میگنیفائر کو فعال کر کے اس فیچر کو کھول سکتے ہیں۔<br>آپ کے ٹیسٹ پر ایک میگنیفائڈ باکس ظاہر ہو جاتا ہے!<br>اپنے ٹیسٹ کو نزدیک سے دیکھنے کے لیے اسے منتخب کریں اور ڈریگ کریں۔<br>اگر آپ میگنیفائر بند کرنا چاہتے ہیں، تو صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں واپس جائیں اور میگنیفائر کو غیر فعال کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |

**Learn about the POP-UP GLOSSARY. Then give it a try!**





**Try It!**

The **Pop-up Glossary** is useful for building a strong vocabulary about a subject. Select the words with a dotted underline to read a glossary definition.

Which of the body parts below is NOT an organ?


- A. Lungs
- B. Skin
- C. Legs
- D. Eyes

| پاپ-اپ گلاسری |
| --- |
| ٹیسٹ کے کچھ سوالات میں پاپ اپ گلاسری شامل ہو سکتی ہے۔<br>پاپ اپ گلاسری اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب آپ نقطہ دار انڈر لائن کے حامل الفاظ کو منتخب کرتے ہیں۔ پاپ اپ گلاسری تعریفیں، تصاویر، یا مخصوص الفاظ یا اصطلاحات کے لیے دیگر مواد فراہم کرتی ہے۔<br>اپنے ماؤس کو نقطہ دار انڈر لائن کے حامل لفظ پر رکھیں تاکہ سوالیہ نشان کا آئیکن دیکھ سکیں۔ لفظ کو منتخب کریں، اور پاپ اپ گلاسری آپ کو مزید معلومات فراہم کرے گی۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |




| ٹیکسٹ ٹو اسپیچ |
| --- |
| ٹیکسٹ ٹو اسپیچ کا فیچر آپ کے لیے اسکرین پر الفاظ کو پڑھتا ہے۔<br>آپ ٹیکسٹ ٹو اسپیچ کو سوال کے دائیں جانب، یہاں تلاش کر سکتے ہیں۔<br>ٹیکسٹ ٹو اسپیچ ٹیسٹ کے دوران آپ کے سوالات اور جواباتکے انتخابات کو پڑھنے کے ذریعے مدد کرتا ہے۔<br>آپ ٹیکسٹ ٹو اسپیچ کو دو مختلف طریقوں سے استعمال کر سکتے ہیں۔ پلے بٹن کو منتخب کریں اور ٹیکسٹ ٹو اسپیچ سوال کو شروع سے با آواز بلند پڑھتا ہے۔<br>سننا بند کرنے کے لیے کسی بھی وقت اسٹاپ کے بٹن کا انتخاب کریں۔<br>ٹیکسٹ ٹو اسپیچ پلے کرنے کا دوسرا طریقہ اسی طرح، پلے بٹن کے نیچے ٹوگل کلک ٹو ہیئر کے بٹن کو منتخب کرنا ہے۔<br>جب آپ ٹوگل کلک ٹو ہیئر بٹن کو منتخب کرتے ہیں، تو آپ ٹیسٹ کا صرف وہ حصہ پڑھے جانے کے لیے جملہ منتخب کر سکتے ہیں۔<br>یہاں پر ٹیکسٹ ٹو اسپیچ کی رفتار اور والیوم تبدیل کرنے کے لیے کسی بھی وقت سیٹنگز کے بٹن کو منتخب کریں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ ٹیکسٹ ٹو اسپیچ کو آزمائیں! |

Learn about the ZOOM feature. Then give it a try!




| زوم (ڈراپ ڈاؤن) |
| --- |
| زوم کا فیچر آپ کے ٹیسٹ کو بڑا اور چھوٹا کر سکتا ہے۔<br>یہ فیچر صارف کے ڈراپ ڈاؤن مینو میں آپ کے نام کے برابر میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔<br>اگر آپ ٹیبلٹ استعمال کر رہے ہیں، تو آپ زوم ان اور آؤٹ کے لیے اپنی انگلیوں کو استعمال کر سکتے ہیں۔<br>250% تک زوم ان کرنے کے لیے زوم ان (+) کو منتخب کریں۔ جب آپ اس سطح پر زوم ان کر لیتے ہیں، تو آپ کو تین لائن پر مشتمل آئیکن دکھائی دیتا ہے۔ اسے ٹول بار، نیز ریویو اور بک مارک کے بٹنز تک رسائی حاصل کرنے کے لیے منتخب کریں۔<br>آپ واپس 100% پر، زوم آؤٹ بھی کر سکتے ہیں۔ |

Learn about KEYBOARD ZOOM. Then give it a try!




**Try It!**

**For Mac keyboards**


Hold down the keys listed below to use the **Zoom** feature.

**Zoom In:** Command (Cmd) and Plus sign (+)

**Zoom Out**: Command (Cmd) and Minus sign (-)

**Reset:** Command (Cmd) and 0

| زوم (MAC کا کیی بورڈ) |
| --- |
| زوم کا فیچر آپ کو زیادہ آسانی سے ٹیسٹ پڑھنے میں مدد کر سکتا ہے۔<br>زوم ان کرنے کے لیے، اپنے کیی بورڈ پر کمانڈ (Cmd) اور پلس کے سائن (+) کو دبا کر رکھیں۔<br>زوم آؤٹ کرنے کے لیے، کمانڈ (Cmd) اور مائنس (-) کے سائن کو دبا کر رکھیں۔<br>اسکرین کو ری سیٹ کرنے کے لیے، کمانڈ (Cmd) اور 0 کو دبا کر رکھیں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |




| زوم (PC کا کیی بورڈ) |
| --- |
| زوم کا فیچر آپ کو زیادہ آسانی سے ٹیسٹ پڑھنے میں مدد کر سکتا ہے۔<br>زوم ان کرنے کے لیے، اپنے کیی بورڈ پر کنٹرول (Ctrl) اور پلس کے سائن (+) کو دبا کر رکھیں۔ زوم آؤٹ کرنے کے لیے، کنٹرول (Ctrl) اور مائنس کے سائن کو دبا کر رکھیں۔<br>اسکرین کو ری سیٹ کرنے کے لیے، کنٹرول (Ctrl) اور 0 کو دبا کر رکھیں۔<br>اب آپ کی باری ہے کہ اسے ایک بار آزمائیں! |